تعارف

اس باب میں لاگتوں کی مختلف اقسام، ان کے شمار اور محاصل کے تصور کی وضاحت کی گئی ہے۔ یہ باب مختلف قسم کی لاگتوں کی نوعیت کا بھی وضاحت کرے گا۔

فرہنگ اصطلاحات

کل لاگت (Total cost) : شے کی پیداوار کے لیے عامل ان پٹ پر واقع ہونے والے اخراجات، ان پٹ پر پیداکاروں کے ذریعہ واقع اصل اخراجات اور مالک کے ذریعہ سپلائی کیے جانے والے ان پٹ کی منسوب لاگت کا میزان۔ اس کے علاوہ یہ قائم کل لاگت اور کل متغیرہ لاگت کا میزان ہوتا ہے۔

قائم لاگت (Fixed cost) : وہ لاگت جو آوٹ پٹ کی سطح میں تبدیلی کی ساتھ نہیں بدلتی۔

متغیرہ لاگت (Variable cost) : وہ لاگت جو پیداوار کی سطح میں تبدیلی کے ساتھ تبدیل ہوتی ہے۔

ظاہر/واضح لاگت (Explicit cost) : بازار سے خریدے گئے/ کرایہ پر لیے گئے ان پٹ پر پیداوا کار کے ذریعہ زری خرچ۔

مضمر لاگت (Implict cost) : مالک کی ملکیت کے اور اس کے ذریعہ سپلائی ان پٹ کی لاگت۔

اوسط لاگت (Average cost) : آوٹ پٹ کی فی اکائی لاگت۔

حاشیائی لاگت (Marginal cost) : آوٹ پٹ کی ایک زائد اکائی میں اضافے کے سبب کل لاگت میں اضافہ۔

یافت/محاصل/آمدنی (Revenue) : فروخت کار کی وہ رقم جو شے کی بعض مقدار کو فروخت کرنے کے ذریعہ وہ حاصل کرتا ہے۔

کل آمدنی (Total Revenue) : ایک مخصوص وقت کے دوران فروخت کار کے ذریعہ حاصل زر کی کل رقم۔

حاشیائی آمدنی (Marginal Revenue) : آوٹ پٹ کی فروخت مقدار میں ایک یونٹ اضافے کے سبب کل آمدنی میں تبدیلی۔

منافع (Profit) : پیداوار کی لاگت پر کل آمدنی کا فاضل۔

لاگت (Cost) : مختلف اشیا اور خدمات پیش کرنے کے لیے ان پٹ خریدنے کے لیے پیداکار کے ذریعہ واقع ہونے والی۔ خرچ اور مالک کے ذریعہ سپلائی ان پٹ کے منسوب لاگت کے طور پر اس کی تعریف کی جاتی ہے۔

لاگت کی قسم (Type of cost) -- لاگت کی مختلف قسمیں ہووتی ہیں جس کی وضاحت درج ذیل ہے:

لاگتوں کی اقسام

- قائم لاگت (FC) (قائم لاگت پر خرچ مثال: عمارت کا کرایہ)
- متغیرہ لاگت (VC) (متغیرہ لاگت پر خرچ)
- حاشیائی لاگت (MC) اوسط لاگت (AC)
- ظاہر لاگت (راست طور پر قائم اور متغیرہ عوامل دونوں پر خرچ۔ مثال: بل)
- مضمر لاگت (بلواسطہ اخراجات: مثال خودسپلائی کے گئے عوامل کی لاگت)

1۔ **کل لاگت (TC):** یہ کل قائم لاگت (TFC) اور متغیرہ لاگت (TVC) کا میزان ہے یعنی TC=TFC+TVC

2۔ **قائم لاگت (FC):** قائم لاگت وہ لاگت ہے جو پیداوار پر منحصر نہیں ہے خواہ فرم پیداوار کرتی ہے یا نہیں کرتی۔ ایسے عامل ان پٹ کی لاگت پر برداشت کرنی پڑتی ہے۔ مثال کے لیے عمارت کا کرایہ، سکیورٹی گارڈ وغیرہ کی تنخواہ۔

3۔ **متغیرہ لاگت (VC):** متغیرہ لاگت وہ لاگت ہے جو پیداوار پر منحصر ہے۔ اس طرح پیداوار کی سطح چوں کہ مختلف ہوتی ہے اس لیے متغیرہ لاگت اس کے مطابق بدلتی رہتی ہے یعنی جب پیداوار کی سطح بڑھتی ہے تو متغیرہ لاگت بڑھتی ہے اور جب پیداوار کی سطح گھٹتی ہے تو متغیرہ لاگت گھٹی ہے یعنی VC+F(Q)

4۔ **اوسط لاگت** : یہ آوٹ پٹ (Q) کی فی اکائی لاگت ہے یعنی AC=TC/Q جہاں Q آوٹ پٹ کی اکائیاں ہیں۔

5۔ **حاشیائی لاگت:** یہ آوٹ پٹ کی ایک زائد اکائی میں اضافے کے سبب کل لاگت میں اضافہ ہے یعنی $MC_m=TC_n-TC_{n-1}$

6۔ **ظاہری لاگت:** یہ پیداوار میں استعمال کیے جانے والے مختلف عوامل ان پٹ پر واقع خرچ ہیں۔ انھیں حسابی لاگت کے طور پر بھی جانا جاتا ہے کیوں کہ یہ تمام لاگتیں جیسے تنخواہ، کرایہ وغیرہ کو کھاتوں کی بہیوں میں دکھایا جاتا ہے۔

7۔ **مضمر لاگت:** ان لاگتوں کو معاشی لاگت کے طور پر جانا جاتا ہے اور کھاتے کی بہیوں میں انھیں نہیں دکھایا جاتا جیسے متبادل لاگت (opportunity cost)۔

آمدنی/یافت

شے کی بعض مقدار کو فروخت کرکے کاروباری مہم جو (کار انداز) جو رقم وصول کرتا ہے اسے آمدنی (revenue) کہا جاتا ہے۔

آمدنی= شے کی قیمت x فروخت شے کی مقدار

کل آمدنی، اوسط آمدنی اور حاشیائی آمدنی (TR, AR and MR)

کل آمدنی (TR): کل آمدنی ایک مخصوص مدت کے دوران فروخت کار کے ذریعہ حاصل زر کی کل رقم ہے۔

کل آمدنی (TR)+ قیمت x فروخت مقدار یا TR=PxQ

اوسط آمدنی: (AR) فروخت آوٹ پٹ کی فی اکائی آمدنی۔ اس کا شمار کل

آمدنی کوفروخت مقدار سے تقسیم کر کے کیا جاتا ہے۔

$AR+TR/Q$ یا $R=P$

حاشیائی آمدنی (MR) : اس کی تعریف آوٹ پٹ کے مقدار کی فروخت میں ایک یونٹ اضافے کے سبب کل آمدنی اضافے کے طور پر کی جاتی ہے۔اس کا شمار کل آمدنی سے اس طرح کیا جاتا ہے :

$$MR_n=TR_n-TR_{n-1}$$

آمدنی اور لاگت کا استعمال:

آمدنی اور لاگت کا تصور ہمیں نفع کی رقم شمار کرنے کا اہل بناتا ہے۔

منافع پیداوار کی کل لاگت پر کل آمدنی کا فاضل ہے یعنی

منافع = کل آمدنی ۔ کل لاگت

لاگت اور آمدنی کے تصورات سے کسی کاروباری مہم جو کو پیداوار کی قیمت متعین کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

خودقدرشناسی کیجیے

1۔ لاگت کی تعریف کیجیے۔
2۔ پیداوار کی قائم لاگت اور متغیرہ لاگت کے درمیان فرق کیجیے۔
3۔ پیداواری کی ظاہر اور مضمر لاگت کے درمیان فرق کیجیے۔
4۔ حاشیائی لاگت کی تعریف کیجیے۔
5۔ اوسط لاگت کل لاگت سے کیسے حاصل کی جاتی ہے۔
6۔ آمدنی کی تعریف کیجیے۔
7۔ حاشیائی آمدنی کی تعریف کیجیے۔
8۔ لاگتوں کی مختلف اقسام کو واضح کیجیے۔